SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

September 1, 2021

## ایس ای سی پی کا عوام الناس کو جعلی سرمایہ کاری کمپنیوں سے ہوشیار رہنے کا انتباہ

اسلام آباد (اگست 1): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے عوام الناس کو ایک بار پھر متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ جعلی اور غیر قانونی سکیموں میں سرمایہ کاری سے پرہیز کریں کیونکہ ایسی اسکیموں میں اور اپنے قیمتی سرمائے سے محروم ہو سکتے ہیں۔ ایس ای سی پی نے بارہا یہ واضح کیا ہے کہ کسی کمپنی کی محض ایس ای سی پی سے رجسٹریشن کا قطعاً یہ مطلب نہیں کہ یہ کمپنی عوام سے سرمایہ کاری کے نام پر فنڈز/رقم اکٹھا کر سکتی ہیں۔

ایس ای سی پی کے نوٹس میں آیا ہے کہ "ایکونیکس سیلز اینڈ مارکیٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ" نامی کمپنی عوام کو ملٹی لیول مارکیٹنگ (ایم ایل ایم) اور ریفرل مارکیٹنگ کی غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں کی طرف راغب کر کے رقوم/سرمایہ اکھٹا کرنے کے لیے مختلف پیکجز آفر کر رہی ہے۔ مذکورہ کمپنی ایس ای سی پی کے ساتھ اپنی رجسٹریشن کی حیثیت کو عوامی اعتماد حاصل کرنے کے لیے استعمال کرتے ہوئے غلط تاثر دے رہی ہے کہ کمپنی کی سرگرمیاں ایس ای سی پی کے ریگولیٹڈ پلیٹ فارم کے ذریعے کی جارہی ہیں۔ واضح رہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 301 کے مطابق عوام سے کسی بھی طریقے سے رقوم وصول کرنا بشمول ریفرل مارکیٹنگ، ایم ایل ایم، پیر اٹو پیر اور پونزئی سکیمیں غیر قانونی ہے۔ ایس ای سی پی نے کمپنیز ایکٹ کے تحت مذکورہ کمپنی کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ ایسی سکیموں سے گمراہ نہ ہوں جو ان کمپنیوں کے ساتھ لین دین اور سرمایہ کاری سے باز رہیں۔ یہ کمپنیاں سوشل میڈیا کا استعمال کرتے ہوئے عوام کو زیادہ منافع کا لالچ دے کر گمراہ کرتی ہیں۔ یاد رکھیں! ہمیشہ بینکوں، قومی بچت کی اسکیموں اور ایس ای سی پی سے لائسنس یافتہ میوچل فنڈز، اسٹاک مارکیٹ، انشورنس کمپنیوں یا دیگر نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشنز میں ہی سرمایہ کاری کریں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005